© rasailojaraid.com



ادبیات

مولانا محمد ابراہیم فانی

# ام المومنین صدیقہ کائنات

## حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

☆☆☆

تو حبیب کبریا کی ہے حبیبہ عائشہؓ — بو بکر صدیقؓ کی اے نوردیدہ عائشہؓ

عرش اعظم سے خدا نے بھیجے ہیں تجھ پر سلام — اللہ اللہ یہ مقدر یہ نصیبہ عائشہؓ

حشر تک آرام فرما تیرے حجرے میں نبیؐ — مہبطِ انوار مولا تیرا حجرہ عائشہؓ

جن کی عظمت پر ہے نازاں ملت ختم الرسلؐ — دیں کی تعبیر مجسم وہ فقیہہ عائشہؓ

افک کے موقع پر یہ تنزیل سورۃ نور کی — آپ کی عفت پہ شاہد اے عفیفہ عائشہؓ

پیار سے جن کو بلاتے رحمۃ للعالمینؐ — یا حمیرہ یا حمیرہ وہ حمیرہ عائشہؓ

واسطے جو آپ کے ہے مغفرت رزق کریم — ہے تمہارے ساتھ قرآں کا یہ وعدہ عائشہؓ

تیرے احسانات امت پر ہیں ام المومنینؓ — غیر ممکن ہم چکا دیں ان کا بدلہ عائشہؓ

نازش پاکیزگی اک پیکر عفت مآب — طیّبہ و طاہرہ ہاں وہ زکیّہ عائشہؓ

جو لوائے لشکر اسلام جنگ بدر میں — وہ بھی آخر میں رہا تیرا دوپٹہ عائشہؓ

تیرا دشمن روسیاہ تیرا عدو رب کا عدو — کس قدر علیا و بالا تیرا رتبہ عائشہؓ

اپنے اس گمنام بیٹے پر بھی ہو نظر کرم — تیری مدحت فانی عاجز کا توشہ عائشہؓ

© rasailojaraid.com